سوال

(1135)شوہر کے کہنے پردہ نہ کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میری ایک سہیلی نے مجھے بتایا ہے کہ میرا شوہر مجھے اپنے ایک عزیز سے پردہ نہ کرنے کو کہتا ہے، اور یہ اس بدلے میں ہے کہ وہ اپنی بیوی کو میرے شوہر کے پاس بیٹھنے کی اجازت دیتا ہے۔ تو کیا یہ جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس مسئلے میں آپ کا اپنے شوہر کی بات تسلیم کرنا جائز نہیں ہے کہ آپ اس کے اقرباء کے سامنے چہرہ کھول لیں خواہ وہ اس کے سگے بھائی ہی کیوں نہ ہوں۔ کیونکہ وہ غیر محرم ہیں اور ان کے سامنے چہرہ کھولنا فتنے سے خالی نہیں۔ جیسے کہ اس عزیز کی بیوی کے لیے بھی جائز نہیں کہ آپ کے شوہر کے سامنے چہرہ کھولے اور اپنے شوہر کی یہ بات تسلیم کرے، کیونکہ علت اور سبب دونوں طرف ایک ہی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 798

محدث فتویٰ